۱۶

31NES4

# اُردو زباں ہماری

کیسی ہے پیاری پیاری ، اُردو زباں ہماری
پھولوں کی جیسے کیاری ، اُردو زباں ہماری

بھارت ہے اِس کا مسکن ، بھارت ہے اِس کا گُلشن
بھارت کی ہے دُلاری ، اُردو زباں ہماری

ہندو بھی بولتے ہیں ، مسلم بھی بولتے ہیں
لگتی ہے سب کو پیاری ، اُردو زباں ہماری

جھڑتے ہیں پھول منہ سے ، گُھلتا ہے رَس فَضا میں
جب ہو زباں پہ جاری ، اُردو زباں ہماری

پھولے پھلے ہمیشہ ، سارے جہاں میں ، یا رب!
ہو ہر زباں پہ جاری ، اُردو زباں ہماری

(حافظؔ باقوی)

| | |
|---|---|
| مسکن | - رہنے کی جگہ |
| گُلشن | - باغ |
| دُلاری | - پیاری |
| جھڑتے ہیں پھول منہ سے | - زبان سے بہت اچھّی باتیں نکلتی ہیں |
| گُھلتا ہے رس فَضا میں | - یہاں مراد اُردو زبان کانوں کو بھلی معلوم ہوتی ہے |
| پھولنا پھلنا | - ترقّی کرنا |

## مشق

### ایک جملے میں جواب لکھو:

۱۔ یہ نظم کس زبان کے بارے میں ہے؟

۲۔ اُردو زبان کا مسکن کسے کہا گیا ہے؟

۳۔ اُردو زبان کے لیے بچّہ کیا دُعا مانگ رہا ہے؟

### نظم پڑھ کر خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھو:

۱۔ پھولوں کی جیسے .................

۲۔ بھارت ہے اس کا .................

۳۔ جھڑتے ہیں ................. منہ سے

۴۔ گھلتا ہے رس ................. میں

۵۔ ہو ہر ................. پہ جاری

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | | | | | ہندسے<br>ایک ۱ |
| ب | پ | ت | ٹ | ث | دو ۲ |
| ج | چ | ح | خ | | تین ۳ |
| د | ڈ | ذ | | | چار ۴ |
| ر | ڑ | ز | ژ | | پانچ ۵ |
| س | ش | ص | ض | | چھ ۶ |
| ط | ظ | ع | غ | | سات ۷ |
| ف | ق | ک | گ | | آٹھ ۸ |
| ل | م | ن | و | ں | نو ۹ |
| ہ | ء | ی | ے | شمال<br>مشرق + مغرب<br>جنوب | صفر ۰ |